© rasailojaraid.com



— حکیم عبد الرحمٰن خلیق آباد دہلی

# عمرو بن العاص رضؓ

## وہ مجرم جس نے کوئی جرم نہیں کیا

### جس کی تاریخی عظمت سیاسی اور گروہی تعصب کی نذر ہو گئی

## شیعانِ علی کی خدمت میں:

اپنی بات کو ختم کرنے سے قبل ایک بات ہم شیعانِ علیؓ سے بھی بالخصوص کہنا چاہتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے محبت تو ہر مسلمان کے ایمان کا جزو ہے مگر کیا حضرت علیؓ سے محبت رکھنے کا تقاضا یہ بھی ہے کہ دوسروں سے نفرت روا رکھی جائے۔

حضرتِ علیؓ کے مراتب کی بلندی ایک حقیقت ہے وہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں اور انہیں اسی دنیا میں جنت کی نوید مل چکی ہے مگر کیا علیؓ کی اس عظمت کا اعتراف کرنے کے لئے دوسروں کی تذلیل و تنقیص بھی ضروری ہے۔؟

حضرت علیؓ کی فضیلت برحق ہے مگر کیا اُن کی فضیلت کا قصرِ رفیع دوسروں کی توہین و تحقیر کے مسالہ سے استوار ہوا ہے اور یہ اُس وقت تک قائم ہی نہیں ہوتی جب تک دوسروں کو سب و شتم کا نشانہ نہ بنا لیا جائے؟

اسلام کی تاریخ میں بہتیرے (د) لوگ ایسے گزرے ہیں جن کی فضیلت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان الہام ترجمان سے وارد ہوئی ہے تو کیا کسی دوسرے کو فضیلت کا حامل مان لینے سے حضرت علیؓ کی فضیلت ختم ہو جاتی یا اس کے لئے کوئی شدید خطرہ پیدا ہو جاتا ہے؟ اگر ایسا نہیں ہے اور حضرت علیؓ ہر حال میں ہی امت کے محبوب ہیں اُن کے مراتب کی بلندی فی نفسہٖ بھی قائم ہے تو

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

خدا و رسول اور خادمانِ دینِ حق کے خلاف جن کی بزرگی، جن کی فضیلت، جن کی عظمت اور جن کا ایمان و ایقان منصوص بہ کلام اللہ و رسول ہے بدگوئی کرکے اپنی اُخروی حیات کو مہالک کے سپرد کر دینا عقل و ایمان کی کس میزان میں پورا اترتا ہے؟ کیا آپ نے کبھی غور فرمایا کہ آپ کی یہ سوچ بلا واسطہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بصیرت کی توہین ہے! اور صحابۂ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نفاق کی بات کرنا خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایمانی فراست پر براہِ راست حملہ ہے اور اس کے معنٰی یہ ہیں کہ آپ نے تو صدہا برس کی مسافت سے بھی اُن لوگوں کے ایمان کی کجی اور کوتاہی کو بھانپ لیا ہے مگر صاحبِ وحی اور حاملِ قرآن پاک حضور محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نگاہ اتنی نارسا اور سطحی تھی کہ خود اپنی مجلس میں شب و روز جمع رہنے والے لوگوں کے دل تک بھی نہ اُتر سکی۔ ؎

خامہ انگشت بدنداں کہ اسے کیا لکھیے
ناطقہ سر بہ گریباں کہ اسے کیا کہیے

اور جہاں تک صحابہ کے باہمی مشاجرات اور شکر رنجیوں کا تعلق ہے یہ معاملہ صرف شیعانِ علیؓ سے ہی خصوصی تعلق کا حامل نہیں یہ سب مسلمانوں کا مشترک درد ہے اور اس سے ہر حساس قلب دردپذیر ہے۔ پھر یہ جھگڑے اور لڑائیاں اس دنیا میں کچھ صحابہؓ سے ہی مخصوص نہیں ہیں کہ ان کی نظیر کہیں دوسری جگہ نہیں ملتی یہ جھگڑے ہمیشہ ان کی حیات کا جزو رہے ہیں اور آئندہ بھی ہمیشہ ہمیشہ بنے رہیں گے۔

صحابہ بھی انسانی برادری کے ہی افراد ہیں وہ انسانی فطرت کے تقاضوں سے ماوریٰ نہیں تھے، اور سب جانتے ہیں کہ تصادم ذی روح کی فطرت ہے اور اس کو بدلا نہیں جاسکتا کہ لا تبدیل لکلمات اللہ ایک اٹل حقیقت ہے۔

ایسے میں اگر کبھی علیؓ اور ابوبکرؓ میں بھی بات چل گئی یا عمرؓ اور علیؓ نے باہمدگر اختلاف کیا اور یہ بات کبھی زیادہ بھی بڑھ گئی تو اس میں تعجب کی کونسی بات ہے؟

تصادم اگر علیؓ اور عباسؓ کے درمیان قابلِ اعتراض نہیں ہے تو علیؓ سے کسی دوسرے مسلمان کا بھڑ جانا کیوں کفر بن گیا جبکہ حضرت عباسؓ حضرت علیؓ کی شان میں ایسے ثقیل

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



الفاظ استعمال کئے تھے کہ اُن کے ابتذال کی وجہ سے بعض محدثین نے ان کی سندی صحت کے باوجود انہیں اپنے ہاں محفوظ نہیں کیا۔

بخلاف ازیں دُوسرے کسی بھی مخالفِ علیؓ مُسلمان کی زبان سے حضرت علیؓ کے حق حضرت عباسؓ کے سے الفاظ استعمال نہیں ہوئے، حضرت علیؓ اور دُوسرے بزرگوں کے مابین جو تصادم رونما ہوئے ہیں وُہ اکثر ہی غلط فہمیوں کی پیداوار ہیں اور اس امر کا احساس خود متحارب فریقین کو بھی تھا چنانچہ تاریخ نے بعض بزرگوں کے یہ اقوال بھی نقل کئے ہیں کہ ہم نہیں جان سکے کہ اس جنگ میں ہمارا قدم سیدھی راہ پہ ہے یا ہم نے غلط سمت کو اختیار کر لیا ہے، حضرت زبیرؓ سے سوال کیا گیا کہ آپ تو حضرت ابوبکرؓ کی خلافت کے انعقاد کے موقعہ پر حضرت علیؓ کی حمایت میں تلوار لہرا لہرا کر بات اُٹھاتے تھے مگر آج آپ نے علیؓ کے مخالف راہ کیوں اختیار کی ہے تو اُنھوں نے فرمایا میں علیؓ کا آج بھی ہرگز مخالف نہیں ہوں میں تو صرف خونِ عثمانؓ کا بدلہ مانگتا ہوں۔ (طبری)

تو ایسے میں آپ کا کسی ایک فریق کی حمایت اور دُوسرے کے لئے معاندت، خصومت اور دشمنی کے جذبات لے کر میدان میں اُتر آنا اور بے سبب ہی گڑے مُردے اکھاڑنا اور پھر دُوسروں کو بھی غلط باتوں کی تردید کی مجبُوری پیدا کر کے ایک تکلیف دہ اور ناگوار بحث میں گھسیٹ لانا خدمتِ دینِ حق کی کونسی قسم ہے؟ آپ نے کبھی یہ بھی سوچا کہ آپ جو بلا کسی اشتعال اور سبب کے رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ کے حق میں سب وشتم کرتے ہیں تو اس کے ڈانڈے خوارج سے جا ملتے ہیں کہ اسلامی تاریخ میں گالیوں کا دخل وعمل اُنھی کی ایجاد ہے ورنہ اس سے قبل بطور کسی عقیدہ اور بطور کسی باقاعدہ مہم کے گالی کو کسی بھی معقول معاشرہ میں بھی رسُوخ حاصل نہیں ہو سکا تھا، گالی آج بھی خوارج اور روافض کا ہی شعار ہے اور یہ ایک دردناک اتفاق ہے کہ ان دونوں کی ابتدا بھی شیعانِ علیؓ کی شکل میں ہی ہوئی ہے۔

سب ہی جانتے ہیں کہ شیعانِ علیؓ کا ایک گروہ جنگ صفین کے نتیجہ میں "معاہدہ تحکیم" سے ناراض ہو کر حضرت علیؓ سے کٹ گیا تھا ان کا موقف یہ تھا کہ علیؓ نے امر حق میں ثالثی قبول کر کے قرآن کریم کے خلاف کیا ہے یہی لوگ ہیں جو خوارج کہلاتے ہیں یہ پہلے حضرت عثمانؓ حضرت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



معاویہ رضؓ اور حضرت عمرو بن العاصؓ کو بھی گالیاں دیتے تھے اب انھوں نے ان کے ساتھ حضرت علیؓ کو بھی شامل کر لیا اور انہیں بھی بھرپور گالیاں دینے لگے۔ گویا جب کیچڑ ہی اچھالنا ہے جب تبرا ہی کہنا ہے جب گالیاں ہی دینی ہیں جب سب وشتم ہی کرنا ہے تو عمرؓ کیا اور علیؓ کیا گالی کوئی ایسی شئی تھوڑی ہی ہے جو عمرؓ کو تو بخطِ مستقیم پہنچ جاتی ہے مگر علیؓ کی طرف جاتے راہ بھول جاتی ہے۔!

پس کیا یہ مناسب نہیں ہے کہ شیعانِ علیؓ بھی اب زمانہ کے تقاضوں کو سمجھیں اور خوارج کی تقلید کو ترک کر کے تبرا سے اظہارِ برأت کریں اور اس طرح اُمت کے قدیم فساد کی بنیادوں کو توڑ کر ملت کے اتحاد کو قریب تر لانے میں ممد و معاون بنیں ؎

من آنچہ شرط بلاغ ست با تو می گویم
تو خواہ از سخنم پند گیر و خواہ ملال،

## کچھ اپنے مورّخین سے:

شیعی ذرائع سے آنے والی روایات اگر صحیحین کی شرائط پر اپنی سند کی صحت کا یقین دلا سکیں تو اُن سے تمسک ناجائز نہیں ہے اور ہمارے ہاں اہل السنۃ میں ایسی صد ہا روایات پہلے بھی متداول ہیں مگر بے سند اور گروہی تعصب کی پیداوار روایات جو محض محفل کو سجانے کے لیے ہی تخلیق دی گئی ہیں اور جن کے مضامین تاریخ کی بجائے واضعین کے اپنے جذبات کا قلمی خاکہ ہیں کسی تحقیق کے بغیر اُن کا قبول کر لینا ایک ایسی بے احتیاطی ہے جسے بے احتیاطی کہنا محض ادباً ہی درست ہوگا، ورنہ درحقیقت فرض ناشناسی ہے، غیر ذمہ داری ہے، اپنے منصب کی تضحیک ہے، فن کی بے آبروئی ہے، اپنی جگ ہنسائی ہے اور تاریخ سے مذاق ہے۔

"طبری" اور "ابن سعد" ایسے مصنف اور اُن کی تصنیفات کسی بھی قوم کے لیے موجبِ فخر و ناز ہیں کیونکہ ایسے ذہین محنتی اور ان تھک کام کرنے والے لوگ ہی قوموں کی کشتِ حیات کے [illegible] لوگ بے ریب ملت اسلامیہ کی [illegible] ملت

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہیں اور اُن کی مصنفات اُن کے اس مقام پر شاہد ناطق ہیں مگر خوب یاد رہے کہ یہ کوئی الہامی کتابیں نہیں ہیں جن کی روایات کو بلا چون و چرا بلاحیل و حجت من و عن اور جُوں کا توں تسلیم کر لیا جائے اور ان کی صحت و سند پر بلا تحقیق و تدقیق ایمان کی گرہ لگا دی جائے۔

بے ریب وہ ہمارا قیمتی تاریخی ذخیرہ ہے مگر اس میں بھی کوئی شک نہیں کہ اس کی حیثیت ایک قیمتی ذخیرہ سے کچھ بھی زائد نہیں ہے۔

اس ذخیرے میں ہر قسم کا ہی مال ہے اچھا بھی اور بُرا بھی، بڑھیا بھی اور گھٹیا بھی، بیش قیمت بھی اور کم قیمت بھی، انہیں جو کچھ میسّر آیا انہوں نے بلا بخل جمع کر کے مستقبل کے سپرد کر دیا ہے

اُنھوں نے تاریخی روایات جمع کر دی ہیں ان کو پرکھنے کا کام دُوسروں پر ڈال دیا ہے۔

بلا ریب وہ تاریخی روایات پر مشتمل بسُوط کتابیں ہیں مگر وہ مربوط نہیں ہیں، اُن کے فاضل مصنفین نے انھیں جرح و تعدیل کے آداب کو ملحوظ رکھ کر نہیں لکھا بلکہ جمع و ترتیب کی ضرورتوں کے پیشِ نظر تصنیف کیا ہے، یہی وجہ ہے کہ انہوں نے اکثر ایک ہی واقعہ کے متعلق متضاد اور متخالف خبروں میں تطابق و توافق کی کوئی کوشش نہیں ہے اور کسی تاویل یا توجیہ سے اُن کے اختلاف کو دُور کرنے پر توجہ نہیں دی بس جو مہیا ہو سکا لے کر پیش کر دیا اور کھوٹے کھرے کی پہچان کا کام آنے والے لوگوں کے سپرد کر دیا اور بے ریب تاریخ کے ان قیمتی ذخیروں کے اس پہلو کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔

مگر افسوس ہے کہ ہمارے مؤرخین نے اپنی تصنیفات کے ماخذوں کا یہ پہلو اکثر پیش نظر نہیں رکھا اور یوں غیر شعوری طور پر خود اپنے ہاتھوں ہی اپنی تاریخ کا چہرہ مسخ ہو کر رہ گیا، تاریخ بلاشبہ بے حد تابناک تھی مگر بے احتیاطی نے مشاطگی کی بجائے اس حسنیہ کے بال نوچ دیئے ہمارے اکثر مؤرخین نے اپنے بزرگوں کی تاریخ کی ترتیب میں تاریخ کی بجائے اپنے جذبہ کی پیروی کی ہے اور اس طرح گو انہوں نے اپنے اطمینان کا سامان تو مہیا فرما لیا لیکن تاریخ سے انصاف نہ کیا جا سکا انہوں نے اپنے ڈھب کی روایات چن لیں مگر دُوسرے پہلو کو نظر انداز کر دیا اور یہی پہلو در اصل زیادہ قابل توجہ تھا اور مناسب تھا کہ وہ اُسے پیشِ نظر رکھتے اور اُن روایات کو جو اُن کے خیالات سے متفق نہیں

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



تھیں یا انھیں اپنے ساتھ ہموار کرتے یا اُن کی تغلیط فرماتے تاکہ اُن کے خیالات سے اختلاف رکھنے والے کو اُن کے خلاف قلم اُٹھا کر نئی اختلافی راہ کھولنے کی ہمت یا ضرورت نہ رہتی۔

تاریخ میں عقیدت یا محبت، بُغض اور نفرت جانب داری اور چشم پوشی کا کوئی مقام نہیں ہے اور افسوس ہے کہ ہمارے تاریخ نویسوں نے اکثر ہی یہ احتیاط ملحوظ نہیں رکھی اور تاریخ کو یا بُغض کے تابع کر دیا ہے یا محبت کے، اُسے تاریخ نہیں رہنے دیا، علیؓ اور معاویہؓ پر قلم اُٹھایا تو سُنّی مورخ نے رکھ رکھاؤ سے کام لیا اور شیعہ نے بُغض و محبت کی راہ اختیار کی حسینؓ اور یزید کی بات چلی تو یہاں بھی وہی قصہ گذرا تاریخ کا پہلو نظر انداز ہو گیا اور صرف حسینؓ اور یزید ہی سامنے رہے دونوں کے متعلق جو کچھ لکھا تاریخ کی بجائے وُہ اپنے جذبات اور خیالات تھے جن کو اپنے ڈھب کی تاریخی روایات کی مدد سے قلمبند کر دیا گیا ہے۔ اور بلاتحقیق اخذ و یافت اور قبول و صول کچھ عام مصنفین اور مورخین تک ہی محدود نہیں بلکہ یہاں بڑے بڑے ائمہ فن اور بلند پایہ علماء سے بھی یہی بے احتیاطیاں وقوع میں آتی ہیں کہ انھوں نے ارادہ تاریخ کو منضبط کرنے کا ہی کیا تھا مگر جب لکھنے بیٹھے تو ایک ایسی چیز لکھ کر پیش کی جسے جذبات کے قلم اور عقیدت کی روشنائی کی مدد سے ترتیب دیا گیا تھا۔

دوست کا تذکرہ ہُوا تو قلم کو دوست کے ساتھ ہموار کر دیا اور اگر زیر بحث وُہ شخص ہُوا جس سے دل جھیک نہ سکا تھا تو قلم درکف دشمن کی صُورت بن گئی، علامہ جلال الدین سیوطیؒ کا مقام کتنا اُونچا ہے وُہ ایک قد آور علمی شخصیت ہیں حکماء میں علماء میں مفسرین میں مورخین میں وُہ ہر جگہ ہی میر مجلس ہیں لیکن تاریخ کا عنوان اُنھیں بالکل راس نہیں یہاں ان کی ثقاہت یکسر اپاہج ہے اور وُہ ایسی ایسی بے تکی قبول کر لیتے ہیں کہ شبہ گذرتا ہے سیوطیؒ نہیں کوئی اور بزرگ ہیں ابوالکلامؒ اس دور کے ابن تیمیہؒ ہیں مگر حضرت حسینؓ کی تاریخ رقم کرتے انہیں بھی اپنا آپ بھول گیا ہے اور وُہ ہر بے تکی بات، ہر بے سند روایت اور مجہول راوی تک کو قبول کرتے نکل گئے ہیں اُنھوں نے صرف حضرت حسینؓ کو ہی لکھا ہے ان کی تاریخ نہیں لکھی وُہ ابن سعد اور طبری سے [illegible] نقل ہی کرتے چلے گئے ہیں اور اسی پر بات ختم کر دی ہے وُہ خانوادۂ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



نبوت کی محرمات اور رسول علیہ السلام کی بیٹیوں اور نواسیوں کے نام سے محض ابومخنفوں اور واقدیوں کے کہے سے ہی ایسے ایسے دل خراش بین واویلے اور ہائے وائے لکھتے چلے گئے ہیں کہ ان کی روشنی میں خانوادۂ نبوت سے بڑھ کر کوئی دوسرا بے صبرا اور بے حوصلہ نہ ہوگا

طبری ابن سعد اور مسعودی کے راویوں کی بے دردی تو قابل فہم ہے لیکن ابوالکلام ایسے محقق اور متبحر عالم کے قلم سے ان ناکردنیوں اور ناگفتنیوں کی تصدیق بے حد حیرت ناک ہے

تعجب ہے کہ وہ بالکل ذاکرین اثار دلدوز بین اور زہرہ گداز نالے بنت فاطمۃ الزہرا حضرت زینب کے نام سے تاریخ کا حوالہ دے کر بے دریغ لکھ گئے۔

وہ اس وقت اس عالم میں موجود نہیں اللہ تعالیٰ انھیں کروٹ کروٹ جنت نصیب کرے ان کی قبر کو نور سے اور ان کو ان کی بہترین خدمات ملک و دین کی بہترین جزا عطا فرمادے

میری ان سے خط وکتابت بھی رہی ہے، اگر وہ ہوتے تو میں ان سے ضرور پوچھتا کہ خانوادۂ نبوت کی وہ خواتین جن کا سب سے بڑا سرمایہ سنت رسول کی پیروی کی حق گوئی اور حق شناسی ہے اور جن کا اسوہ امت کی ماؤں، بہنوں اور بیٹیوں کے لئے راہ حق وصداقت میں اسوۂ رسول کا پرتو ہے اگر ان کی بے صبری، بے حوصلگی اور بے احتیاطی کا یہ عالم ہے جو آپ نے طبری اور ابن سعد کی زبان سے امت کی بیٹیوں کے سامنے ظاہر کیا ہے تو پھر اس آیت میں خطاب کن لوگوں سے ہے جو فرمایا:۔

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَعِينُوا بِالصَّبْرِ وَالصَّلَاةِ إِنَّ اللَّهَ مَعَ الصَّابِرِينَ[1]

اور وہ کون لوگ ہیں جن سے کہا گیا تھا کہ:۔

وَلَنَبْلُوَنَّكُم بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَالْجُوعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنفُسِ وَالثَّمَرَاتِ

اور پھر اس نوید کا کون محل ہیں کہ وَبَشِّرِ الصَّابِرِينَ[2] اگر خانوادۂ رسول علیہ السلام کے افراد بھی اس زمرہ میں نہیں آتے تو وہ اور کون لوگ ہیں جن کی تعریف میں فرمایا گیا تھا کہ

الَّذِينَ إِذَا أَصَابَتْهُم مُّصِيبَةٌ قَالُوا إِنَّا لِلَّهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ[3]

پھر اگر ذیل کی رحمتیں خانوادۂ رسول کی خواتین کا حصہ نہیں تو ان کا محل اور کون ہو سکتا ہے جو

---

[1] البقرہ [2] البقرہ [3] البقرہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فرمایا کہ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ اور پھر وہ کون لوگ ہیں جن کے حق میں فرمایا وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ ۝

پھر حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب دام ظلہ نے شہید کربلا کے نام سے ایک رسالہ رقم فرمایا تو اپنے تمام تر تبحر علمی اور تمام تر ثقاہت کے باوجود وہی کچھ نقل کر دیا جو مولانا مرحوم نے تحریر فرمایا تھا اور اگر کچھ اضافے فرمائے تو وہی حسن محفل کا سامان کہ جن کی نہ سند صحیح ہے نہ روایت معقول اور اکثر ہی ان روایتوں سے کام لیا ہے جن کو محرم کی شیعہ مجالس میں سامان نالہ و شیون بنا کر اچھالا جاتا ہے۔

ہمارے واجب الاحترام مؤرخین اگر رنجیدہ نہ ہوں تو میں اُن سے عرض کروں گا کہ یہ راہ آپ کے شایانِ شان نہیں کیونکہ آپ کی علمی سطح سے ہموار نہیں ہے آپ کا منصب دشمنانِ حق کی سازشوں کو توڑنا ہے، اُن کے لیے فضا کو ہموار کرنا نہیں ہے۔ غلط بات کو جرأت کے ساتھ غلط کہیے اور صحیح کی صحت کی حفاظت کیجیے۔ صحابہ سے غلو کا عقیدہ ملت کے انتشار کی بنیاد ہے اور اس عقیدہ کو اسی غرض سے ہی تخلیق بخشی گئی تھی آپ کو صحابہ کی ردائے تقدس سے اس غبار کو جھاڑنا ہے اور گرد و غبار کی ان دبیز تہوں کو دور کرنا جن کی وجہ سے ان مقدسین کے وجود سے کراہت وابستہ ہو چکی اور ہم اب اپنوں کو بھی اپنا نہیں سمجھ رہے اور اگر اپنا سمجھتے ہیں تو اُس کا ناک نقشہ وہی ہے جو اُسے اغیار نے بخشا ہے۔

اللہ تعالیٰ مسلمانوں کے اتحاد کو قائم کرنے کے اسباب پیدا کرے اور اُن بنیادوں کو مسمار کر دے جن کی وجہ سے یہ ملت ٹکڑوں میں بٹی ہے اور گروہوں میں تقسیم ہو کر رہ گئی ہے ۝

اُٹھ کہ خورشید کا سامانِ سفر پیدا کریں
نفسِ سوختۂ شام و سحر پیدا کریں

٭

© rasailojaraid.com